بسم الله الرحمن الرحیم

حمد باری تعالیٰ

احسان اللہ محسنؔ

اے شہنشاہِ زمین و آسماں
تیرے قبضے میں ہمارے جسم و جاں
دن کو بخشی تُو نے ایسی روشنی
ذرّہ ذرّہ کائنات کا ضوفشاں
شب کی تاریکی ہے تیرا معجزہ
تیری ہی کاری گری ہے کہکشاں
تیری قدرت کے کرشمے جا بجا !
سُو بہ سُو پھیلی ہوئی نیرنگیاں
عندلیبانِ چمن کے چہچہے
نغمۂ توحید اے اللہ میاں !
خوابِ شیریں سے اٹھو اے مؤمنو !
تک رہے ہیں راہ اب کرّوبیاں
نوعروسانِ چمن کا ابتسام
حسن فطرت کی دکھائے جھلکیاں
کیا سہانا یہ سماں ہے اے خدا !
یہ نسیمِ صبح کی اٹکھیلیاں
اللہ اللہ ! سبزہ زاروں کا سَماں
جس طرف دیکھو حریر و پرنیاں
بلبلِ حمد و ثنا محسنؔ ترا
باغِ جنت میں ہو اس کا آشیاں

(فرہنگ کی ضرورت محسوس ہوتو صفحہ 53 پر ملاحظہ کیجیے۔)